دھماکے ہوئے ہیں یہ انتہائی افسوسناک ہیں ہم ان کی مذمت کرتے ہیں۔ اس سے پہلے جو کچھ واقعات کیے گئے ہیں وانا میں، وزیرستان میں، باجوڑ میں سارے افسوسناک ہیں۔ حکومت امن و امان کے قیام میں ناکام ہو چکی ہے کہ ویسے تو پورے ملک کی صورت حال امن و امان کے حوالے سے بہتر نہیں ہے، لیکن سندھ کی صورت حال انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔ میں آپ کی اور ایوان کی توجہ سندھ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جب سے یہ Women Protection Bill پاس ہوا ہے، سندھ میں عورتوں کی آبروریزی کے واقعات میں اتنا اضافہ ہوا ہے کہ میں الفاظ میں ان کو بیان نہیں کر سکتا۔ میرے پاس یہاں اخبارات موجود ہیں۔ چند دن پہلے اوباڑو، ضلع گھوٹکی میں نسیمہ بانو کے ساتھ اجتماعی زیادتی کی گئی اور وہ بچی ابھی تک صاحب فراش ہے۔ لیکن کسی مجرم کو گرفتار نہیں کیا جا رہا اور کچھ دن پہلے میہڑ میں ایک چھوٹی، سکول کی بچی، آٹھویں جماعت کی طالبہ ہے، کائنات سومرو، اس کے ساتھ زیادتی کی گئی۔ لیکن ان کے مجرموں کو بھی گرفتار نہیں کیا جا رہا۔ دونوں بچیوں کے ورثاء، دھرنا دے کر بیٹھے ہوئے ہیں اپنے اپنے گھروں کے سامنے، کبھی ادھر جاتے ہیں، کبھی ادھر جاتے ہیں۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ ان واقعات کا آپ نوٹس لیں۔ اوباڑو، ضلع گھوٹکی کی نسیمہ بانو اور میہڑ ضلع دادو کی کائنات سومرو۔ جو لوگ ان واقعات میں ملوث ہیں، ان کو گرفتار کیا جائے۔ وہاں کے وڈیرے ان کی پشت پناہی کر رہے ہیں، اس لیے پولیس ان پر ہاتھ ڈالنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ گزشتہ ہفتے سکھر کے قریب باگڑجی میں ایس ایچ او صاحب رات کو ایک گھر میں داخل ہو گئے اور خواتین کے ساتھ چھیڑ خانی کی۔ آدھی رات کو، نشے میں دھت۔ یہ اخبار میرے پاس موجود ہے۔ گھر والے اٹھے اور اسے رسیوں سے باندھا چارپائی سے۔ وہ پکڑا گیا۔ لیکن کیا ہو گا؟ جب یہ ہمارے پولیس اہلکار، جو ہمارے محافظ ہیں، وہ ہماری عزتوں کو لوٹنے کی کوشش کریں۔ ہمارے ہاں اب تو سود کے عوض بچیاں فروخت ہو رہی ہیں اور پھر پورے آرٹیکل چھپے ہیں اخبارات میں، ساری تفصیل موجود ہے۔ سندھ میں جو قبائلی جھگڑے ہیں، ان پر کوئی کنٹرول نہیں ہو رہا، آپ کے ضلع جیکب آباد میں، جو یہ بلیدی، شہلانی تکرار ہے۔ یہاں جو علاقے ہیں، پورا علاقہ ایسا بن گیا ہے کہ وہاں کوئی بندہ جا نہیں سکتا۔ شکار پور میں مہر اور جتوئی تکرار۔ پہلے اس کا فیصلہ بھی ہوا، لیکن پھر یہ سلسلہ شروع ہو گیا۔ دونوں گروپوں کے قومی سردار سرکار میں شامل ہیں۔ سرکاری آدمی ہیں دونوں۔ لیکن اس

کے باوجود حالات پر کنٹرول نہیں ہو رہا اور آپ کے شکار پور میں کنرانی مارفانی ' پتا نہیں کتنی قیمتی جانیں ضائع ہو گئی ہیں۔ یعنی اندرون سندھ میں مغرب کے بعد ہم نکلنے کا تصور نہیں کر سکتے ۔ گھر سے باہر نہیں نکل سکتے ۔ مغرب کے بعد تمام راستے ویران ہو جاتے ہیں۔ اللہ کے لیے کچھ کریں اور پھر گھوٹکی میں' کلھوڑہ ' میرانی تکرار ہے ۔ اس میں پتا نہیں کتنے لوگ مارے جا چکے ہیں ۔لیکن کسی کو گرفتار نہیں کیا جا رہا ۔ آخر سندھ کے ساتھ یہ سلوک کیوں ہو رہا ہے ۔ چند دن پیشتر ضلع جیکب آباد کے مشہور مذہبی رہنما ' جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر سید شاہ محمد شاہ جو بزرگ آدمی ہیں ان کو گن پوائنٹ پر اغوا کیا گیا ۔ ان کی بےعزتی کی گئی ۔ بڑی مشکل سے ان کو چھوڑا گیا۔ گاڑی ابھی تک ڈاکوؤں کے قبضے میں ہے ۔ پولیس اس علاقے میں جانے کے لیے تیار نہیں ہے اور پھر لاڑکانہ میں اتنی صورت حال خراب ہے کہ میں آپ کو کیا بتاؤں حقیقت یہ ہے کہ جتنے بھی ایماندار افسر ہیں' ان کو پوسٹنگ نہیں مل رہی ۔ بڑے بڑے نامور ایماندار افسر ہیں' جو کلرکی کا کام کر رہے ہیں دفتر میں' ان کو posting نہیں مل رہی ہے۔ جتنے افسر بڑی بڑی کرسیوں پر لگائے جا رہے ہیں 'راشی' معروف قسم کے راشی افسر۔ لاڑکانہ میں گزشتہ ہفتے باقرانی روڈ پر دن دیہاڑے دکانوں کو لوٹا گیا ۔ کوئی دن خالی نہیں کہ وہاں پر کوئی واردات نہ ہو۔ جہاں میرا گھر ہے لاڑکانہ شہر میں ' یونین کونسل نمبر ۶ میں۔ ایک مہینہ پہلے میرے بھائی کے گھر میں ڈاکو داخل ہوئے۔ گن پوائنٹ پر گھر والوں کو لوٹا گیا۔ بینک منیجر ہے میرا پڑوسی رسول بخش سومرو' اس کے گھر میں ڈاکو داخل ہوئے۔ سب کچھ ان کا لوٹ لیا گیا ۔ انہوں نے سراغ رساں کتے منگوائے ' وہ جا کر ڈاکوؤں کے گھر پہنچے۔ چھ بندے وہاں سے پکڑے گئے' دوسرے دن ان کو چھوڑ دیا گیا کہ یہ بڑے بااثر آدمی ہیں' وڈیروں کے آدمی ہیں' ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ آخر اس کا کیا ہو گا؟ وہ ہمارا سندھ جو سب سے زیادہ وفاق کو ٹیکس دے رہا ہے اور جہاں تیل اور گیس کے سب سے بڑے ذخائر ہیں' جن سے کروڑوں' اربوں' کھربوں گورنمنٹ حاصل کر رہی ہے ۔ آخر سندھ کے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے ۔ میں آپ سے التماس کرتا ہوں کہ اللہ کے واسطے لوگوں کو امن دیا جائے' لوگوں کو جینے کا حق دیا جائے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے چادر اور چار دیواری کا تحفظ۔ شریعت محمدی کا فتویٰ بھی یہی ہے کہ وہ حکمران جو لوگوں کے جان و مال' عزت اور آبرو کا تحفظ نہ کر سکیں ان کو برسراقتدار

رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ مہربانی کریں ہمیں امن دیں۔ آپ کی بڑی مہربانی۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: جناب چیئرمین! پنجاب کے حوالے سے اتحادی پارٹیوں کے بارے میں کہا گیا ہے۔ اس کے دو پہلو بنتے ہیں۔ ایک پہلو تو یہ ہے کہ پنجاب میں اگر ہماری پارٹی کی طرف اشارہ ہے تو اس کی یہ دلیل ہے کہ پنجاب میں وہ پارٹی بہت مقبول ہو چکی ہے کہ ہر گلی اور ہر شہر میں پائی جاتی ہے لیکن جہاں تک جرم کا الزام لگانے کی بات ہے تو بغیر دلیل کے نہ قانون میں جائز ہے اور نہ شریعت میں جائز ہے۔ لہذا' اگرکسی جماعت پر الزام لگانا ہے تو اس جماعت کو بد نام کرنے کی بجائے کوئی ایسی دلیل پیش کی جائے کہ اس کے اتنے مجرم پکڑے گئے۔ Thank you.

جناب چیئرمین: حمید اللہ جان نہیں ہیں' فوزیہ فخر الزمان۔

سینیٹر فوزیہ فخر الزمان خان: جناب چیئرمین صاحب! یہ ایسا topic ہے کہ اس پر کچھ بھی بولیں کم ہے۔ Requisition ادھر سے آئی ہے' ان کا فرض تھا کیونکہ ہمارے دلوں میں بھی بہت سی باتیں تشویش کا باعث بن رہی تھیں۔ War Against Terror میں سر فہرست تو ہماری حکومت ہے۔ جب وہ کچھ کرتی ہے تو اس کے خلاف احتجاج کرتے ہیں جب وہ نہیں کرتی ہے کہ تو بھی اس کے خلاف ہو جاتے ہیں۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ اس کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے۔ آبادی کا ایٹم بم پھٹا ہوا ہے۔ ۳۳ لاکھ لوگ ہر سال بڑھ جاتے ہیں۔ تین سالوں میں ایک کروڑ کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جب وسائل وہاں تک پہنچتے ہیں تو وہ آبادی آگے جا چکی ہوتی ہے۔ اب جب درمیانہ طبقہ ختم ہو رہا ہے۔ صرف اونچا اور چھوٹا طبقہ رہ گیا ہے تو ظاہر ہے کہ ان کا آپس میں تصادم ہوگا کیونکہ ان کی بھی بے شمار خواہشات ہیں' ضروریات ہیں جن کو وہ پورا نہیں کر سکتے۔ وہ بہت زیادہ فرق دیکھتے ہیں۔ میں پہلے دن سے سینیٹ میں چلا رہی ہوں کہ کچھ لوگ تو پروٹین کی کمی سے مر رہے ہیں اور کچھ لوگ پروٹین کی زیادتی سے مر رہے ہیں۔ ہمیں اس gap کو fill کرنا ہے۔ اسی طرح ہم ان حالات پر قابو پائیں گے تو انشاء اللہ terrorism بہت حد تک کم ہو جائے گا' اگر ختم نہیں ہوتا تو کم ضرور ہو جائے گا۔ آپ دیکھیں

ہماری پولیس کے پاس latest equipments نہیں ہیں۔ ہمارے حفاظتی ادارے بہت کچھ کر رہے ہیں، کافی efficient ہیں لیکن جو باہر سے لیس ہوکر آتے ہیں ان کے پاس ہر چیز latest ہوتی ہے۔ پھر بھی یہ قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں اور ہم حکومتی لوگ ہیں۔ یہ تو criticism کر لیتے ہیں لیکن ہمارے لئے یہ بہت رنج کا باعث ہے کیونکہ ہم خود کو ذمہ دار سمجھتے ہیں۔ ہر نیا blast ہماری بھوک مار دیتا ہے کیونکہ وہاں پر کیڑے مکوڑے نہیں انسان مرتے ہیں۔ آپ یقین جانیئے کہ ہم شاید opposition سے بھی زیادہ تشویش میں ہیں اور حکومت بہت کچھ کر رہی ہے لیکن اتنے اونچے پیمانے پر یہ سب یکدم شروع ہو گیا ہے کہ اس کا تدارک ہوتے ہوتے کچھ عرصہ لگے گا۔ Thank you.

Mr. Chairman: Mr. Ilyas Bilour.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Thank you very much, Mr. Chairman!

ہمارے Leader of the Opposition نے detail میں باتیں کی ہیں۔ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں law and order کے اوپر جوکہ بڑا گھمبیر بن چکا ہے۔ ایسا مسئلہ جس کو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی بقا سوائے عدم تشدد کے جس کے ہم حامی ہیں اور کوئی نہیں ہے۔ بلوچستان میں جو action ہوا، چوہدری شجاعت صاحب اور مشاہدحسین صاحب کی کمیٹی بنی۔ اس House میں بنی۔ چوہدری شجاعت صاحب اس وقت اس ملک کے Prime Minister تھے۔ وہ کمیٹی redundant ہو گئی، اس کا کوئی فیصلہ اور کوئی کام نہیں ہوا۔

وزیرستان پر اس House میں ہم نے بڑی بحث کی اور بلوچستان پر ہم نے بڑی بحث کی۔ بگٹی صاحب کے اوپر ہم نے بڑی بحث کی جو اس کے اوپر آرمی ایکشن ہوا۔ اس ملک میں بدقسمتی یہ ہے کہ پاکستان کی فوج نے بلوچستان اور وزیرستان میں گن شپ ہیلی کاپٹر use کئے۔ جناب چیئرمین! انڈیا ۱۵ سال سے کشمیر میں لڑ رہا ہے اس نے کبھی بھی گن شپ ہیلی کاپٹر use نہیں کئے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ اس ملک کو اس طریقے سے لے چلایا جا رہا ہے۔ میں نہیں سمجھتا، مجھے تو بڑا خوف آ رہا ہے۔ مجھے یہ خوف آ رہا ہے کہ ہمارے پختون خواہ کو، بلوچستان

کو، کیا یہ گورنمنٹ چاہتی ہے کہ اس ملک کا حصہ نہ رہیں۔ ہم پاکستان میں رہنا چاہتے ہیں۔ ہمیں دھکیل دھکیل کر پاکستان سے نہ نکالیں۔ اللہ کا واسطہ ہے۔ بلوچستان اور پختونخواہ جو ہیں وہ پاکستان میں رہنا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ جو واقعات پچھلے پندرہ دنوں میں ہوئے ہیں، پشاور کا واقعہ، ڈیرہ اسماعیل کا واقعہ، لکی مروت کا واقعہ، کوہاٹ کا واقعہ، اسلام آباد کا واقعہ، پشاور میں تو اتنا ظلم ہوا ہے کہ کوئی limit نہیں ہے۔ اتنے اچھے اچھے آفیسر DIG، یہ کونسی law and order کی situation ہے۔ جناب مجھے یہ بتائیں اور وہ سنٹرل گورنمنٹ کے وزیر داخلہ صاحب اور سٹیٹ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں یہ پوچھتا ہوں کہ پہلا جو DIG مارا گیا وہاں پر، وہ بھی بڑا intelligent تھا سلیم صاحب ان کو جانتے ہیں ابھی جو DIG مارا گیا ہے سعدصاحب اور اس کے ساتھ ایک ڈی ایس پی مارا گیا ہے اور اس کے ساتھ چار ناظم ہمارے پارٹی کے مارے گئے ہیں۔ جوان بچے۔ جناب آج ہر ماں اور ہر باپ اس وقت تک چین سے نہیں سوتا پشاور میں اور صوبے میں جب تک اس کے بچے گھر واپس نہ آجائیں۔

جناب والا! خدارا یہ ملک کس طرف جا رہا ہے۔ کیا ہمیں اپنی آرمی کے لئے ایک اور آرمی رکھنی پڑے گی۔ کیا ہمیں اپنی پولیس کے لئے ایک اور پولیس رکھنی پڑے گی اپنی protection کے لئے۔ یہ لوگ، یہ وہی لوگ ہیں جن کو ضیاء الحق کے زمانے میں trained کیا گیاہے۔ یہ وہی لوگ ہیں آج جو ہمارے خلاف لڑ رہے ہیں۔ آپ کی اپنی جو فارن پالیسی افغانستان کے ساتھ ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انڈیا کے ساتھ ہم نے جو دو wars لڑیں تو افغانستان کے حکمرانوں نے کہا کہ آپ اس بارڈر کی بالکل فکر نہ کریں۔ آپ اپنے بارڈر کو چھوڑ دیں آپ اپنی فوجوں کو لے جائیں وہاں۔ بلوچستان کی طرف سے بھی اور پختونخواہ کی طرف سے بھی۔

آج ہماری foreign policy کیوں ناکام ہو چکی ہے کہ ہم افغانستان سے اتنے ڈرتے ہیں اور ۸۰ ہزار فوجی آپ کے وزیرستان میں بیٹھے ہوئے ہیں میں چیلنج کرتا ہوں Minister of State کو کہ چلے میرے ساتھ یا وہاں ہمارے سلیم سیف اللہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں یہ بھی وہاں کے قریبی ہیں وہاں ان کا کنٹرول ہے؟ نہیں ہے ان کا کنٹرول۔ نہ PA کا کنٹرول ہے نہ ان کا کنٹرول ہے۔ ۸۰ ہزار فوجی بیٹھے ہوئے ہیں اس کے باوجود بھی ان کا کنٹرول نہیں ہے۔

جناب والا! میرے صوبے میں ' میرے صوبے میں جو حالات ہیں وہ تو کچھ ایسے ہی ہیں کہ ۱۸ kidnap ہوئی ہیں ۔یہاں ہمارے منسٹر صاحب پچھلے session میں کہا کہ سہیل قلندر ایک بہت بڑا صحافی ہے اس کی kidnapping سے رہائی کے لئے ہم کوشش کر رہے ہیں وہ بہت جلدی آ جائے گا۔ مجھے بہت افسوس ہے کہ وہ session ختم ہوا اور دوسرا session بھی آ گیا اب دو مہینے ہو گئے ہیں ۔ سہیل قلندر کا کوئی پتا نہیں ہے۔رپورٹس نہیں کی جاتیں جناب وہاں۔ وہاں ۱۸ kidnap ایک ہفتے میں ہوئے ہیں۔ حیات آباد سے kidnapping ہوتی ہے اور وہ ایک ہفتے میں kidnapping ہوئی ہے ۔ رپورٹیں اس لئے نہیں کی جاتی ہیں کہ رپورٹ کی جائے گی تو high profile جائے گا۔پہلے سہیل قلندر کی کوشش کرتے رہے ہیں کہ لین دین سے کچھ ہو جائے۔وہاں high profile ہوا ۔ بندے کا کچھ پتا نہیں کہ کدھر چلا گیا۔ مجھے تو خوف ہے کہ ہمارا اتنا senior صحافی ' اس کو وہ قتل کر دیں گے۔ اور ہماری گورنمنٹ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہوئی ہے۔

مائیں' باپ ' بہنیں گھبرا رہی ہیں ' بچیوں کو باہر نہیں نکال سکتے۔ جب جائیں گے تو پتا نہیں کہ واپس آ سکیں گے کہ نہیں آ سکیں گے۔ والدین بچوں کوسکولوں میں بھیجتے ہوئے گھبرا رہے ہیں۔ ہمارے پختون خواہ کو' بلوچستان کو کیا آپ لوگوں نے اس طریقے سے treat کیا ہے۔ پھر اسلام آباد میں میں نے خود ٹی وی پر سنا۔ جب اسلام آباد میں بم بلاسٹ ہوا میں پارلیمنٹ لاجز میں بیٹھا ہوا تھا تو ٹی وی پر' جیو پر' اے آر وائی پر بھی سنا کہ ایک آدمی مر گیا اور دوسرا آدمی گرفتار ہو گیا ہے۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ دوسرا آدمی زخمی ہے یا گرفتار ہوا ہے۔ تین چار مرتبہ انہوں نے کہا میں حلفاً کہتا ہوں یہ میں نے خود سنا۔ دوسرا آدمی کدھر گیا۔ کیا وہ Establishment کا آدمی تھا۔ کہاں گیا وہ؟ کیوں غائب ہو جاتے ہیں۔ پتا کریں۔ یہاں پارلیمنٹ کو بتائیں۔ پارلیمنٹ کو تو آپ لوگوں نے totally ایک جیو بنا دیا ہے۔ اس پارلیمنٹ کا وجود بھی کوئی نہیں سمجھتا۔ ہاں ہم باتیں کریں گے جو مرضی کریں گے پارلیمنٹ کو کسی وقت بھی confidence میں نہیں لیا جاتا' نہ foreign policy پر لیا جاتا ہے' نہ وزیرستان کی پالیسی پر لیا جاتا ہے۔ نہ بلوچستان کی پالیسی پر لیا جاتا ہے۔

آج محمد علی درانی صاحب گوادر پر بات فرما گئے ہیں' بالکل ہم کریں گے بات۔سنگا پور

کمپنی کو چالیس سال کا contract دیا اگر آپ announce کرتے پہلے سے اور Letter of Intent منگواتے کہ چالیس سال تک ہم اس کو income tax کی چھوٹ دیں گے۔ اور سارا کچھ دیں گے۔ دیکھتے کتنی کمپنیاں آتیں۔ یہ کیا بات کرتے ہیں کہ یہ mega development نہیں ہوئی ہے ۔بلوچستان میں آج بھی وہی سردار جو ہرگورنمنٹ کے ساتھ ہوتے ہیں۔اس گورنمنٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ صرف چار سردار ہیں جو establishment کے آدمی نہیں ہیں اور ان چار سرداروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ ۵۰ سال میں development نہیں ہوئی تو وہ سردار جو آپ کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں، وہ ہر گورنمنٹ میں تھے ، وہ ہر establishment کے ایجنٹ تھے ، انہوں نے اس وقت کیوں نہیں development کی ، ہرگورنمنٹ میں انہوں نے development نہیں کی ۔ وہاں پر establishment development نہیں ہونے دینا چاہتی یا وہ سردار خود پیسے کھا جاتے تھے۔ صرف چار سرداروں نے ۵۶ سال میں development نہیں ہونے دی ۔۵۶ سال میں بلوچستان تباہ ہو گیا ہے ۔آج وہاں پر جو سوئی گیس نکلتی ہے وہ کوئٹہ کو ملی، کب ٹی، جب بہت شور مچایا تب ملی ، کہتے ہیں کہ وہ سردار عطاء اللہ مینگل صاحب جو ہیں۔ عطاء اللہ مینگل صاحب کے وقت میں پہلی یونیورسٹی بلوچستان میں بنی، ہماری دس مہینے کی گورنمنٹ تھی اس میں پہلی یونیورسٹی بلوچستان میں بنی ، آج کہتے ہیں کہ عطاء اللہ مینگل غدار ہیں۔ اس کے بیٹے کے ساتھ جو حشر کیا جا رہا ہے ۔ کیا اس طریقے سے آپ ملک بچائیں گے۔ نہیں، نہیں، میں نہیں سمجھتا ؛ اس طریقے سے ملک نہیں بچ سکتا۔ جناب! خدارا بلوچوں اور ہم پختونوں کو دھکے دے کر پاکستان سے نہ نکالیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم پشتون ہیں۔ اگر آج افغانستان کا بارڈر لاہور سے لگا ہوتا تو سب کچھ بھر بحر ہوتی۔ آج انڈیا سے جو آ رہے ہیں وہ لاہور سے لگا ہوا ہے۔ ہمارے ہاں پنجاب میں جو چیز جاتی ہے وہ سوائے سیمنٹ کے Sir, let me tell, let me bring on the record ہمارے منسٹر صاحب صوبائی رابطہ کے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ سوائے ایک سیمنٹ اور گھی کے فرنٹیئر سے جاتا ہے اور بلوچستان سے کچھ گھی جاتا ہے۔ باقی سب کچھ پنجاب سے جا رہا ہے لیکن انہوں نے کیا کیا بلوچستان اور پختون خواہ کو تباہ کرنے کے لیے، گھی کے اوپر duty drawback بند کر دیا کہ یہاں سے کیوں گھی جاتا ہے۔ اگر یہ علاقہ بلوچستان کا یہ پنجاب کا بازو لگتا ہوتا تو سب کچھ کھلا تھا۔ پنجاب سے سب کچھ جا رہا ہے اس

کو پورا duty drawback مل رہا ہے - سب کچھ مل رہا ہے - کیا ہماری law & order کی situation کے بارے میں کہتے ہیں کہ میں نے آج بھی سنا ہے کہ صدر صاحب فرما رہے تھے کہ اس سال چار بلین ڈالر کی investment اس سال آئے گی۔ مجھے بتائیے ' میرے صوبے پختون خواہ میں کتنے ڈالر کی investment آئی۔ بتائیں پختون خواہ میں کتنی investment آئی ہے۔ بتائیں، بلوچستان میں گوادر کے علاوہ کتنی investment آئی ہے۔ آپ گوادر ، گوادر کر رہے ہیں - میرے صوبے پختون خواہ میں کتنی investment آئی ہے- میرے صوبے پختون خواہ میں انڈسٹری بند ہوگئی ہے - گورنمنٹ کی پالیسیوں سے انڈسٹری بند ہوگئی ہے۔ وہاں پر گھی ملیں، فلور ملیں بند ہیں یہ دو چار سمینٹ کی فیکٹریاں ملی ہیں وہی چل رہی ہیں۔ باقی کیا چل رہا ہے۔ ٹیکسٹائل کا برا حال ہے۔ میں نے پچھلے بجٹ میں بھی کہا تھا کہ ٹیکسٹائل کو آپ incentive دیں۔ ٹیکسٹائل کو incentive نہیں دیا۔ سب کا برا حال ہے۔ کیا ہوگا ؟ میں نہیں کہتا۔ سٹیٹ بنک کی رپورٹ employments کے بارے میں کہتی ہے کہ سب سے زیادہ unemployments میرے پختون خواہ صوبے میں ہے۔ جناب ! اس کا کیا انجام ہوگا۔ unemployments کیسے ملک میں ختم ہو گی-----

جناب چیئرمین: وقت کا خیال کریں - اب ختم کریں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: ایک منٹ جناب ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدارا ! ہم پاکستان میں رہنا چاہتے ہیں، ہمیں پاکستان سے دھکے دے کر باہر نہ نکالیں، آپ ہمیں کیوں نکالنا چاہتے ہیں ۔ہمارے ساتھ یہ جو رویہ ہے خدارا ! اپنا رویہ بلوچستان اور پختون خواہ سے ٹھیک کریں۔ ہمارے ایک دوست نے کہا کہ بلوچستان کی بات کرتے ہیں ۔ آج وہ بیٹھے ہوئے ہیں میں نے ابھی دیکھ لیا ہے پچھلے سینیٹ کے اجلاس میں یہ کہا تھا ۔میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ بلوچستان میں جتنی جان ہم مارتے ہیں ۔ بلوچستان کے ہر ایک issue پر میں بولا ہوں - میں گورنمنٹ side کا نہیں ہوں کہ میں اس کو نہ بولوں وہ جو گورنمنٹ والے بولتے نہیں ہیں بگٹی صاحب پر میں نے جو سخت تقریر کی ہے، کسی نے نہیں کی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ پارلیمنٹری language استعمال کریں۔

جناب الیاس احمد بلور: جناب! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں ۔sorry میرے وہ الفاظ expunge کر دیں----

Mr.Chairman: Expunge the words.

سینیٹر الیاس احمد بلور: میں ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں ہمارے وزراء صاحبان بار بار کہتے ہیں کہ یہ first time ہے کہ پارلیمنٹ اپنی مدت پوری کرے گی۔ارے بھائی! یہ first time نہیں ہے ۔ ایوب خان صاحب کے وقت میں ہر مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اپنے وقت میں مدت پوری کرتا ہے ۔ ان کو شاید علم نہیں ہوگا۔اس وقت بھی پہلی اسمبلی نے اپنا وقت پورا کیا تھا ' پھر اس کے بعد بھٹو صاحب کے وقت میں بھی اسمبلی نے اپنا وقت پورا کیا تھا۔ پھر اس کے بعد 1985 میں وہ incident ہوگیا ورنہ وہ اسمبلی بھی اپنا وقت پورا کرتی۔ Dictators کے وقت میں اسمبلیاں اپنا وقت پورا کیا کرتی ہیں۔ میں اس ایوان کی اور آپ کی وساطت سے درخواست کرتاہوں کہ خدا را اس ملک میں free and fair elections کرا دیں ' عوام کے صحیح نمائندوں کو حکومت دیں .تاکہ یہ ملک آرام سے چلے اور اس ملک میں عدم تشدد کا کلچر بڑھے اور ہم تشدد کے قائل نہیں ہیں۔ Thank you very much.

(اس مرحلے پر ایوان میں اذان کی آواز سنائی دی)

جناب چیئرمین: سلیم سیف اللہ خان۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان (وفاقی وزیر برائے صوبائی رابطہ): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین آپ کا شکریہ۔ آج جس موضوع پر بحث ہو رہی ہے وہ میرے خیال میں پورے ملک کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور پچھلے چند ہفتوں میں جو واقعات رونما ہوئے ہیں ان پر ہر پاکستانی کو یقیناً تشویش ہے۔

جناب والا! اس طرف سے جو تقاریر ہوئی ہیں ان میں کچھ حقائق بھی یقیناً سامنے آئے ہیں لیکن blame game یا point scoring کے لیے یہ ایک طریقہ بھی بن گیا ہے۔ سینیٹر سومرو صاحب عالم دین بھی ہیں اور میرے لیے بڑے قابل احترام ہیں' انہوں نے سندھ

\+ [*** Words expunged by the order of Mr. Chairman]

کا بڑے جذباتی انداز میں ذکر کیا ہے ' وہ سندھ کے رہنے والے ہیں ان کی معلومات یقیناً زیادہ ہیں لیکن جس صوبے سے میرا تعلق ہے اور جہاں پر ان کی صوبائی حکومت برسر اقتدار ہے کاش! کہ یہ بات بھی ان کے سامنے کریں کہ آج صوبہ سرحد کے کیا حالات ہیں۔ بلور صاحب کی تقریر آپ نے سنی کہ روزانہ کتنی ڈکیتیاں ہو رہی ہیں ۔ پشاور اور بنوں میں دو DIGs کو شہید کیا گیا اور وہاں پر ہمارے سپاہی اور محافظوں کو بدقسمتی سے شہید کیا گیا ہے ۔ وہ کم از کم اپنے گریباں میں دیکھیں۔ آپ کبھی اپنی صوبائی حکومت سے بھی پوچھیں ۔ اگر مرکز صوبائی حکومت میں کچھ مداخلت کرتا ہے تو پھر آپ کہتے ہیں کہ یہ تو صوبائی subjectہے ' law and order میں صوبے کو خودمختار ہونا چاہیے۔ میں آپ کو بتا دوں کہ یہ بدقسمتی ہے کہ امن و امان کا سب سے زیادہ مسئلہ صوبہ سرحد میں ہے۔ آج وہاں جو حالات ہیں ' وہاں جا کر دیکھیں' آپ سندھ کی باتکرتے ہیں' آپ بلوچستان کی بات کرتے ہیں' پنجاب کی بات کرتے ہیں ۔ آپ خدا را صوبہ سرحدمیں جائیں اور دیکھیں کہ اس کے حالات کیا ہیں اور اس میں آپ کی صوبائی حکومت کیا کر رہی ہے۔ چونکہ میرا تعلق صوبہ سرحد سے ہے اس لیے صوبہ سرحد کی بات کر رہا ہوں۔ میری گزارش ہے صوبہ سرحد میں انتہائی تشویشناک حالات ہیں اور صوبائی حکومت کو خدا را مرکزی حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے تاکہ ہم مل کر اس مسئلے کو حل کرسکیں۔ یہ ہمارا ' حکومت کا اور ہر حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ عوام کی جان و مال کا تحفظ کرے ۔یہ نہیں کہ یہ صرف مرکزیحکومت کا فرض ہے ' صوبائی حکومت بھی اس کی ذمہ دار ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت اس میں مرکزی حکومت کے ساتھ تعاون کرے گی۔ یہ تو میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں ۔ جناب چیئرمین! یہ musical chairs ہیں آج ہم ادھر بیٹھے ہیں کل ادھر ہوں گے ' آپ ادھر ہوں گے تو ہمیں اس قسم کے اقدامات اٹھانے چاہییں جس سے ملک محفوظ ہو۔

اب میں افغانستان کی طرف آتا ہوں ۔ Leader of the Opposition نے فرمایا۔ باقی تو تفصیلی جوابات وزیر داخلہ ہی دیں گے لیکن افغانستان کے متعلق ہماری پالیسی بڑی واضح ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ایک sovereign state ہے ۔ماضی میں ہوسکتا ہے کہ یہاں سے کوئی مداخلت ہوئی ہو لیکن اس وقت حکومت وقت کی یہ پالیسی ہے کہ افغانستان خود مختار ملک ہے اور ہم چاہتے ہیں اور as pakhtoon مجھے پتا ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ افغانستان کے حالات بہتر

ہوں۔ افغانستان کے حالات اگر بہتر نہیں ہوں گے تو پاکستان کے حالات بھی بہتر نہیں ہوسکتے۔ ہماری اس وقت جو پالیسی ہے وہ صرف اور صرف یہی ہے کہ افغانستان کے حالات بہتر ہوں۔ پاکستان جو خود ایک غریب ملک ہے تین سو ملین ڈالر حکومت وقت نے اپنے افغان بھائیوں اور بہنوں کے لئے امداد دی ہے تا کہ ان کی حالت بہتر ہوسکے۔

جناب والا! جہاں تک بلوچستان کا تعلق ہے یہ بھی ایک وتیرہ بن گیا ہے کہ مشاہد حسین سید کی کمیٹی جو تھی اس نے کوئی کام نہیں کیا۔ یہ بدقسمتی ہے ۔ آپ جب بھی چاہیں ہم اس پر بھی بحث کے لئے تیار ہیں۔ جیسے میرے بھائی درانی صاحب نے فرمایا جب بھی آپ چاہیں گے، گوادر پورٹ کا جو contract ہوا ہے اس پر بحث کے لئے تیار ہیں۔ رپورٹ پر جو عمل ہوا ہے یقیناً حکومت وقت کا یہ فیصلہ ہے کہ levy کو پولیس میں convert کیا جائے گا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ چودہ ، پندرہ ضلعوں میں ایک نظام ہو اور چودہ ، پندرہ میں دوسرا نظام ہو۔ اس کے برعکس ہم نے بعض سفارشات سوائے ان دو تین کے سب کو رکھا ہے۔ Cantonment کی بات ہوئی ۔ ایک وقت تھا کہ سندھ میں پنوعاقل کے خلاف بڑا احتجاج تھا کہ یہاں Cantonment نہ بنے۔ اب سنا ہے کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ اور زمین لیں اور وہاں کنٹونمنٹ کو بڑھائیں۔ میں خود حیران ہوں کہ اگر گوادر میں یا بلوچستان میں کہیں دوسری جگہ پر پاکستانی فوج ہے ۔ جس میں آپ کے بلوچ اور پختون فوجی ہیں اس سے کونسا آسمان ٹوٹ جائے گا کہ کنٹونمنٹ نہ بنے۔ میں یہ فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ ان کی سفارشات کی زیادہ مقدار منظور ہو چکی ہے۔ آج میں دیکھ رہا ہوں کہ سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کے notification کے متعلق بات آئی ہے۔ انشاء اللہ وہ notification آج ہو جائے گا۔ اور تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاق کی جتنی نوکریاں ہیں ساڑھے تین فیصد سے بڑھا کر ان کو چھ فیصد کر دیا گیا ہے۔ جو اسی کمیٹی کی ایک سفارش تھی۔ گوادر پورٹ اتھارٹی میں اس کے جو revenues 7% صوبائی حکومت کے حوالے کیے جائیں گے تاکہ وہ وہاں کے لوگوں پر خرچ ہوں۔ آپ کے ہاں جو Highways بن رہی ہیں، میرانی ڈیم ہے، کوسٹل ہائی وے ہے ، میں کس کس چیز کا ذکر کروں یہ حقیقت ہے کہ وہاں پر کام ہو رہا ہے۔ اگر آپ نہیں مانتے تو وہ ایک علیحدہ بات ہے۔لیکن گوادر کے متعلق بھی میں یہ کہتا چلوں کہ گوادر پورٹ اتھارٹی، یہ پہلی مرتبہ حکومت وقت نے کیا۔ بڑا vested interest

ہے بہت لوگ چاہتے ہیں کہ گوادر نہ چلے۔ بہت سے لوگوں کو اس سے نقصان ہے وہ نہیں چاہتے کہ گوادر ترقی کرے لیکن International tendering ہوئی ' باقاعدہ دبئی پورٹ اور دیگر پورٹ اتھارٹیز نے اس میں حصہ لیا اور جو سب سے بہتر terms تھے وہ سنگاپور پورٹ اتھارٹی نے حکومت کو دیئے ۔ ہمیں امید ہے کہ کم از کم چھ سو ملین ڈالر کی وہ گوادر پورٹ میں investment کریں گے۔ یہ کہہ دینا کہ یہ نہیں ہے تو ہم تیار ہیں جب بھی آپ اس پر بحث کرنا چاہیں۔ بلور صاحب نے زیادہ بجٹ پر بات کی ۔ بجٹ پر بھی جب وقت آئے گا آپ اپنی سفارشات دیں۔ آپ کہتے ہیں investment نہیں ہو رہی ہے' یہاں آپ یہ بھی فرما رہے ہیں کہ export نہیں ہو رہی ہے افغانستان کو۔ کیوں نہیں ہو رہی ہے۔ یہ تو آپ کے صنعکاروں کا قصور ہے۔ آپ کوشش کریں۔ آپ کو advantage ہے۔ ایک آدمی کراچی سے جلال آباد اور کابل export کرتا ہے اور آپ پشاور سے نہیں کر سکتے۔ یہ تو ہمارے مقامی صنعکاروں کو دیکھنا چاہیے اور میں یہ بھی گزارش کرتا چلوں جناب والا! کہ اس وقت جو trade figures افغانستان کے ساتھ 1.2 billion dollars کے ہیں۔ اتنی تجارت کبھی پاکستان کی تاریخ میں افغانستان کے ساتھ نہیں ہوئی جتنی آج ہو رہی ہے۔ یہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی صحیح پالیسیوں کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

جناب والا! میں پنجاب اور کراچی' سندھ اور پنجاب میں بھی پچھلے دنوں ہمارے ایک بڑے قریبی دوست بھی ہیں اور ان کے بھائی سابقہ ایم پی اے ہیں اور میرے ساتھ colleague بھی رہے ہیں پرویز خٹک' ان کے بھائی کو بڑی بیدردی سے قتل کیا گیا اور سنا ہے گوجرانوالہ میں یہ واقعہ پیش آیا۔ تو یقیناً پنجاب اور سندھ میں بھی ہماری یہ کوشش ہونی چاہیے کیونکہ لوگ جب tax دیتے ہیں تو وہ یہ بھی توقع رکھتے ہیں کہ جو بنیادی ذمہ داری ہے حکومت کی کہ جان و مال کا تحفظ ---' میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ہمیں' میں اپنے بھائی سے بھی request کروں گا کہ سب سے زیادہ priority ہمیں law and order کو دینی چاہیے۔ عوام کی جان و مال کا تحفظ سہیل قلندر کا ذکر ہوا اور بےشمار لوگ جو اغوا ہوئے ہیں' یہ ایک بدقسمتی ہے' اس سے پورا ملک بدنام ہوتا ہے۔ ملک کے اکثر لوگ اچھے ہیں' یہ چند لوگ ہیں جن کی وجہ سے پورا پاکستان اور ہمارا دین' دین اسلام میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بدنام ہو رہا ہے' ان خود

کش حملوں سے اور مجھے افسوس ہے کہ ہمارے علماء کرام نے اس پر بڑی خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔ میں چاہوں گا کہ وہ اس پر بولیں کہ کیا اسلام اجازت دیتا ہے کہ بے گناہ لوگوں کو آپ اڑا دیں۔ مہربانی کریں آپ پر بھی کچھ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے، آپ علماء کرام ہیں، آپ کا ایک مقام ہے، آپ ضرور اس پر بات کریں اور لوگوں کو منع کریں کہ اس قسم کے غیر اسلامی کام نہ کریں اور ایسے کام نہ کریں جس سے اسلام کو نقصان پہنچتا ہو۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں جماعت کا وقت ہو رہا ہے۔ جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ لوگ دیکھیں خود ہی system خراب کرتے ہیں۔ جب آپ ایک مرتبہ بول چکے ہیں پھر دوبارہ اگر بولیں گے تو آگے معاملے کیسے چلے گا۔ ایک طریقے سے چلیں۔ ہر ایک بات پر جواب نہیں دیا جاسکتا۔ اپنے ساتھیوں کو بولیں کہ وہ جواب دیں۔ کامران کا کیونکہ reference تھا .let him speak on a point of order

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب والا! میں speech نہیں کر رہا، speech کے لئے میں کل ٹائم لوں گا۔ چونکہ وزیر صاحب نے میرا نام لیا ہے، اس حوالے سے، انہوں نے کہا کہ یہ Call Attention Notice تھا۔ انہوں نے کہا Call attention notice ختم ہو جائے گا میں اس کا خیرمقدم کرتا ہوں مگر اس کے ساتھ submission یہ ہے کہ جب صوبہ بنا تھا، میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ یہ retrospective effect سے ہوگا جب صوبہ بنا تھا یہ 6% اسی وقت سے دیں گے۔

جناب چیئرمین: اس وقت سے کیسے، آج سے ہوگا ناں۔ بہرحال جب آئے گا دیکھ لیں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: انہوں نے میرے متعلق کچھ فرمایا ہے۔ ایک تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں، میں دعوے سے کہتا ہوں کہ گوادر کا کوئی ٹینڈر announce نہیں ہوا تھا۔ گوادر کے

بارے میں جب تقریر آئے گی تب بات کرلیں گے۔ دوسرا انہوں نے فرمایا کہ industrialists کی inefficiency ہے۔ ہمارے صوبے یعنی پختونخواہ کے تاجر میں کسی میں کمی نہیں ہے۔ آپ بھی ہمارے صوبے کے top کے industrialist ہیں۔ ہم سب سے اچھے ہیں۔ ہمارا جو مال ہے جو وہاں پر production ہوتی ہے اس کے اوپر duty draw back ختم کر دیا گیا ہے۔ یہ میں سلیم صاحب کو بتانا چاہتا ہوں اس لئے وہاں سے export نہیں ہو رہی۔ پنجاب کا مال ہے اس سب پر duty draw back ہے۔ بلوچستان اور ہمارے پختونخواہ میں نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: راحت حسین صاحب ٹائم ختم ہو رہا ہے۔ point of order ہے یا آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر مولانا راحت حسین: میں صرف آدھے منٹ میں بات ختم کروں گا۔ صوبہ سرحد کے بارے میں میرے معزز سینیٹر صاحب نے فرمایا کہ وہاں پر بدامنی اور امن و امان کا مسئلہ ہے۔ لیکن اس صوبے کا آدھا حصہ مرکز کے پاس ہے۔ ساری boundary FATA مرکز کے پاس ہے۔ ہم نے کئی بار political agent سے رابطہ کیا ہے کہ فلاں بندہ آپ کے پاس آ گیا ہے لیکن وہ ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ جب آدھا صوبہ اور آدھے اختیارات مرکز کے پاس ہیں اور آدھے صوبے کے پاس ہیں تو پھر کام نہیں چل سکتا۔

دوسری بات جو امن و امان کا مسئلہ سرحد میں پیدا ہوا ہے۔ ہم نے رنگے ہاتھوں دھماکہ خیز مواد کے ساتھ مرکز کے لوگ پکڑے ہیں۔ یہ کس بات کی دلیل ہے۔ کہ سب سے بعد میں، امن و امان کا مسئلہ صوبہ سرحد میں پیدا ہوا۔ ہم نے مرکز کے بندوں کو پکڑا ہے، مرکز کے لوگوں نے ان کو چھڑایا ہے۔ خود وزیروں نے اقرار بھی کیا ہے کہ یہاں سے لوگ اغوا کر کے فاٹا لے جاتے ہیں۔ فاٹا کس کے پاس ہے۔

جناب چیئرمین: رخسانہ زبیری صاحبہ۔

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری: جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں۔ باہر صبح سے بہت سی قابل احترام اساتذہ خواتین موجود ہیں۔ ان کا جو مسئلہ ہے وہ بہت ہی اہم ہے۔ وہ کنٹریکٹ پر Overseas Pakistani's Foundation School میں کام کر رہی

تھیں۔ اب چار فروری کو ایک اشتہار دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ نئے لوگوں کا اور پرانے ٹیچرز کا بھی دوبارہ سے ٹیسٹ ہوگا اور دوبارہ سے evaluation ہوگا۔ This is not fair جب تجربہ کار ٹیچرز موجود ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان کا سروس ریکارڈ ہوتا ہے ان کی ACRs ہوتی ہیں۔ اس کی بنیاد کے اوپر ان کی ملازمت کو permanent کیا جائے۔

I would request you kindly, you have been very very supportive on such issues. This is a human rights issue and would you kindly ask to any of the Ministers to go and talk to them and see what can be done for them sir. Thank you very much.

جناب چیئرمین : سیکرٹری صاحب Leader of the House کو یہ convey کر دیجئے گا۔

We will adjourn now to reconvene *Insha Allah* on Monday at 4. P.M.

[The House was then adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Monday, the 12th February 2007]